لا فتی الا علی لا سیف الا ذو الفقار

Rampur State Gazette

گزٹ ریاست رامپور

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

نمبر ۲۰ مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۱۶ رمضان المبارک ۱۳۴۰ھ مطابق ۱۵ مئی ۱۹۲۲ء | جلد ۲۴

فہرست مضامین

نمبر شمار	خلاصہ مضمون	نمبر صفحہ
۱	اضافہ الاونس امتیاز علیخان تحصیلدار	۱
۲	تقرر ڈاکٹر سید امتیاز حسین صاحب	۲و۱
۳	تنسیخ مطالبہ ملتویہ	۲
۴	رخصت بابو عبد القیوم	//
۵	تبادلہ تحصیلدار رضاجان	//
۶	اضافہ فرق دین تحصیل ملک	//
۷	علاوہ اختیارات مجسٹریٹ صاحب آبکاری	//
۸	رخصت اہلمد اسپشل مجسٹریٹی	//
۹	// منصرم جی	//
۱۰	// جج صاحب خفیفہ	//
۱۱	تقرر محمد نصرت اللہخان صاحب	//
۱۲	نقشہ زنخانہ اجلاس	ضمیمہ

ملخص احکام اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

اضافۂ الاونس

۲ مئی ۱۹۲۲ء

حسب رپورٹ صاحب ریونیو سکریٹری بہادر منشی امتیاز علیخان قائم مقام تحصیلدار بلاسپور کے الاونس قائم مقامی میں بوجہ کام تحصیل آبادی جدید و کہنہ اول پر تیس روپیہ ماہوار اضافہ منظور فرمایا گیا۔ تا زمانہ کہ انکو تیس روپیہ تنخواہ اور چالیس روپیہ ماہوار الاونس قائم مقامی جملہ ستر روپیہ ماہوار ملیگا۔

تقرر

۹ مئی ۱۹۲۲ء

حسب رپورٹ کرنل صاحب بہادر کمانڈنٹ افواج۔ تقرر ڈاکٹر سید امتیاز حسین کا

ماہ ۔۔

بخشا ہوا ایک سو پچاس روپیہ ماہوار بجائے ڈاکٹر سید شہادت علی صاحب ملتوی

سب اسسٹنٹ سرجن شفاخانہ سواران منظور فرمایا گیا۔

روبکار اجلاس صاحب ریونیو سکریٹری بہادر
واقع ۲۴ اپریل سنہ ۱۹۲۲ء

معلوم ہوا کہ میجر محمد عظمت اللہ خانصاحب حاکم صدر نے مطالبہ ملتویہ کے طلبانہ کی بابت کوئی حکم جاری کیا ہے جسکو باجرا روبکار ۲۰ اپریل سنہ ۱۹۲۲ء ہمنے بغرض ملاحظہ طلب کیا تھا۔ جو صاحبزادہ محمد مصطفے علی خانصاحب بہادر حاکم صدر نے بغرض ملاحظہ بھیجا ہے جسکے ملاحظہ سے ظاہر ہے کہ حکم ۲۲ جنوری سنہ ۱۹۲۲ء شبہ در خواست وزیر خان مستاجر جرلیور پرگنہ حضور تحصیل متعلقہ التوا قسط فروری سنہ ۱۹۲۲ء پر حضور تحصیل سے ذریعہ رپورٹ ۷ فروری سنہ ۱۹۲۲ء صراحت طلب ہوئی تھی کہ ماہ مئی تک قسط فروری کا التوا ہوا ہے اگر وعدہ کے اندر بیباق ہو جاوے تو اس رقم پر طلبانہ قائم کیا جاوے یا نہیں اسپر حاکم صاحب نے حضور ۱۱ اپریل سنہ ۱۹۲۲ء بالفاظ ذیل حکم صادر کیا (کہ جس حکم کے الفاظ ہوں کہ مستاجر پر تقاضہ نہ کیا جاوے اسپر طلبانہ قائم کیا جاویگا) اسکے علاوہ کوئی دوسرا حکم ہو تو اسپر نظر کیا جاویگا چونکہ اس حکم سے ایک درمیانی حالت پیدا ہو گئی یعنی صریح الفاظ میں نہ تو التوا ہوا نہ وصول مطالبہ کا حکم ہوا لیکن نتیجہ یہی نکلتا ہے کہ مطالبہ ملتوی ہوا پس جبکہ نتیجہ یہی نکلا کہ مطالبہ ملتوی ہوا۔ وہ مطالبہ مطالبہ طلبانہ سے بری رہا۔ لہذا ایسا مشتبہ اور مذبذب حکم قایم رہنا مناسب نہیں ہے اسلیئے کہ قانون آئین حامدیہ کی دفعہ ۱۴۹ سے صاف ہے کہ حکم التوا صادر ہو جانے کے بعد مستاجر پابندی دفعہ ۱۱۹ سے مستثنے ہو جاتا ہے یعنی طلبانہ عائد نہیں ہوتا۔

لہذا حکم ہوا کہ

حکم اجلاس حاکم صاحب صدر مورخہ ۱۱ اپریل سنہ ۱۹۲۲ء منسوخ کیا جاتا ہے اور احکام تنسیخ اطلاعاً بخدمت حاکم صاحب صدر بہ ہدایت اطلاع صدر و جملہ تحصیلات میں تعمیل ہو۔ دستخط صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

ملخص احکام اجلاس صاحب ریونیو سکریٹری بہادر
رخصت
۱۳ مئی سنہ ۱۹۲۲ء

باجو بدلیقیم محافظ دفتر سکریٹریٹ کی رعایتی رخصت دو یوم بضرورت روبکاری تین تاریخ منظور کی گئی

تبادلہ
۹ مئی سنہ ۱۹۲۲ء

بنشا حکم بندگان عالی دام اقبالہم الحکم مولوی شیئت اللہ صاحب تحصیلدار شاہ آباد حضور تحصیل میں اور منشی محمد جمیل خانصاحب تحصیلدار حضور تحصیل شاہ آباد میں تبدیل ہوئے۔

اضافہ
۱۰ مئی سنہ ۱۹۲۲ء

حسب سفارش ناظم صاحب محمد حسین فرق امین تحصیل ملک کی تنخواہ موجودہ میں ایک روپیہ ماہوار اضافہ منظور ہوا۔

ملخص احکام اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر
عطاے اختیارات
۴ مئی سنہ ۱۹۲۲ء

حسب منظوری اجلاس ہمایون بندگان حضور مطلے دام اقبالہم الحکم مولوی شفیع احمد صاحب کیمپ ناصد رحکم ثانی اختیارات مجسٹریٹی درجہ دوم بابت مقدمات آبکاری عطا ہوئے۔

رخصت
۴ مئی سنہ ۱۹۲۲ء

مزید رخصت یکماہ محمد علیخان اہلمد اجلاس اسپیشل مجسٹریٹی بوجہ لاحقہ علالت بانتظام سابقہ منظور ہوئی

۸ مئی سنہ ۱۹۲۲ء

مزید رخصت تین ماہ منشی محمد حسن منصرم بگھی کی بوجہ علالت بوضع نصف تنخواہ بلحاظ ملازمت دیرینہ منظور کی گئی۔ چند سوالات کا کام علاوہ اپنے کام کے محمد علیخان ناظر بگھی انجام دیکر پرورش پرچہ الاونس بقیہ تنخواہ منصرم مذکور سے پاوینگے۔ بقیہ کام اسسٹنٹ ناظر بدستور کرتے رہیں گے

۹ مئی سنہ ۱۹۲۲ء

مزید رخصت یکماہ صاحب جج خفیفہ منظور ہوئی۔ معمولی کام مفتی صاحب دیوانی کریں گے اور فوجداری کے کام کا انتظام صاحب مجسٹریٹ ضلع کر دینگے۔

ملخص حکم اجلاس صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر
تقرر
۴ مئی سنہ ۱۹۲۲ء

بشرح تحریر صاحب چیف سکریٹری بہادر بمنشاء حکم بندگان عالی حضور مطلے دام اقبالہم الحکم محمد عنایت اللہ خان سابق افسر شاگرد پیشہ کا تقرر نگرانی کوٹھیات مفصلہ تحت پر منظور ہوا تعین تنخواہ آیندہ ہوگا۔ بحیثیت منظور محمود صاحب سے کوٹھیات کا تعلق نہ رہیگا۔

کوٹھی خسرو باغ ۔ کوٹھی بے نظیر ۔ کوٹھی شاہ آباد ۔ کوٹھی آنولے والی
بنگلہ دفتر خاص باغ ۔ کوٹھی دریائی ۔ کوٹھی مہمانان یورپین ۔ بنگلہ مہمانان ہندوستانی واقع خاص باغ

نقشہ نرخ نامہ اجناس ریاست ... ماہ ... لغایت ۱۴ مئی سنہ ۱۹۲۲ء

نام جنس	صدر تحصیل	شاہ آباد	ماتک	پالسپور	سوار	نامزد	کیفیت
گندم		۰۵	۵-۰ ثار	۰۵ ثار		۵-۰ ثار	دیگر تحصیلات سے نقشہ نہیں آیا
نخود خالص		۸ ثار	۸ ثار	۷ ثار		۰۷ ثار	
نخود شکستہ تیز		۹ ثار	۹ ثار	۹ ثار	·	۸ ثار	
کسکہ		·	۹ ثار	۹ ثار		۰۸ ثار	
ماش		۵ ثار	۰۵ ثار	۶ ثار		۶ ثار	
مونگ		·	۵ ثار	۵ ثار		۵ ثار	
مکا		·	·	۰۵ ثار		·	
جبئی		۱۰ ثار	۱۱ ثار	۱۱ ثار		۱۰ ثار	
گوجئی		·	۹ ثار	۹ ثار		۷ ثار	
عدس		۸ ثار	۹ ثار	۹ ثار		۷ ثار	
ارہر		۱۰ ثار	۱۰ ثار	۱۰ ثار		۱۰ ثار	
برنج		۴ ثار	۳-۰ ثار	۴ ثار		۴ ثار	
روغن زرد		[illegible] ثار	۲ چھٹانک	[illegible] ثار		۲ چھٹانک	
روغن سیاہ		۱ ثار	۱ ثار	۱ ثار		۱ ثار	
روغن کنجد		۱ ثار	·	۲ ثار		۲ ثار	
نمک سیاہ		۱۰ ثار	۷ ثار	۱۰ ثار	·	۸ ثار	
نمک لاہوری		۶ ثار	۶ ثار	۵ ثار		۷ ثار	
قند سیاہ		۲-۰ ثار	۲-۰ ثار	۳ ثار		۳-۰ ثار	
[illegible]		·	[illegible]	[illegible]			